ڈارلنگ فلمز کا شاندار ڈرامہ

Good

56

ملہار
کے گانے

मल्हार

قیمت
۱/-

اداکاران
شمی - ارجن - موتی - ساگر وغیرہ وغیرہ

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

گانے ملہار کے

رشمی
نمبر ۱

بڑے ارمانوں سے رکھا ہے بالم تیری قسم
پیار کی دنیا میں ہے یہ پہلا قدم
رتن ۔ جدا نہ کر سکیں گے ہم کو زمانے کے ستم
پیار کی دنیا میں یہ پہلا قدم
رشمی ۔ لے اٹھا پیار بھی انگڑائی ہے دل بھی جوان
اجی ایسے میں لئے جاتے ہو تم ہو تو کہاں
دور دنیا کی نگاہوں سے کہیں جائیں گے ہم ۔ پیار...
رتن ۔ تیری دو آنکھوں میں دکھتے ہیں مجھے دونوں جہاں
انھیں میں کھو گیا دل میرا کہو ڈھونڈوں کہاں
چاند گھٹتا ہو گھٹے اپنی محبت نہ ہو کم
رشمی ۔ میری نیا کو کنارے کا انتظار نہیں
رتن ۔ تیرا آنچل ہو تو پتوار بھی درکار نہیں
دونوں ۔ تیرے ہوتے ہوئے کیوں ہو مجھے پتوار کا غم
پیار کی دنیا میں یہ پہلا قدم

نمبر ۲ ۔ رتن ۔ اک بار اگر تو کہدے تو ہے میری ہیا ہو تیرا
رشمی ۔ ہم دو اکیلے پنچھی ۔ دونوں ۔ ہم دونوں کا اک بسیرا

ریشمی ۔ دو دل دھڑکے ہیں ۔ چونک اٹھی ہیں جوانیاں

رتن ۔ کچھ کہا ہے نگاہوں نے کچھ کہے پیار کی کہانیاں

ریشمی دو دل دھڑکے ہیں چونک اٹھی ہیں جوانیاں

میرا من ہی نہیں ہے میرے بس میں

یہ کس نے جادو بکھیرا ۔ کھوجی یہ کس نے جادو بکھیرا

دونوں ۔ ہم دونوں کا ایک بسیرا

ریشمی ۔ ایک بار اگر تو کہہ دے میں ہوں تیری تو ہے میرا

رتن ۔ آ جائیں نہ کہیں ہم تم کسی کی نگاہ میں

ریشمی ۔ سنگ ہی چلیں گے ہم زندگی کی راہوں میں

رتن ۔ آ جائیں کہیں نہ ہم تم کسی کی نگاہوں میں

تجھے چھین نہ لے کوئی مجھ سے یہ جگ ہے بڑا لٹیرا

سنو جی یہ جگ ہے بڑا لٹیرا

دونوں ۔ ہم دونوں کا ایک بسیرا

ریشمی ۔ اک بار اگر تو کہہ دے . . . .

دیکھو آئی ہے ستاروں کی متوالی ٹولیاں

چلے ان کے چھاؤں میں ہم کھیلے آنکھ مچولیاں

دونوں ۔ ٹوٹے نہ کبھی جیون بھر یہ بندھن تیرا میرا ۔ ہم

ریشمی

نمبر ۳

کہاں ہو تم ذرا آواز دو ہم یاد کرتے ہیں

کبھی بھرتے ہیں آہیں اور کبھی فریاد کرتے ہیں
جدا بلبل ہے اپنے پھول سے اور رو کے کہتی ہے
ارے دنیا کیا وہ ظلم جو صیاد کرتے ہیں
کہاں ہو تم ذرا آواز دو ....
تن - جہاں ہیں اور اب جس حال میں ہم تمہارے ہیں -
تمہیں آباد ہو دل میں تمہیں کو یاد کرتے ہیں -
کہاں ہو تم ذرا آواز دو ...
رشمی - ہماری بے بسی یہ ہے کہ ہم کچھ کہہ نہیں سکتے
وفا بدنام ہوتی ہے اگر فریاد کرتے ہیں -
رتن - تیرے قدموں میں رہنے کی تمنا دل میں رکھتے ہیں
جدا دنیا نے تجھ سے کر دیا فریاد کرتے ہیں

نمبر ۴

ہوتا رہا یونہی اگر انجام وفا کا
رہے گا نہ زمانے میں کہیں نام وفا کا
کوئی توڑ رہا ہے دم کہیں بجتی ہیں ڈولیاں
سودا ہوا لوگوں نے لگائی ہیں بولیاں
نوبت بجا کے کر دیا نیلام وفا کا - ہوتا رہا....
سیندور کی لالی ہے کسی کے سہاگ میں
جیتے جی جل رہا ہے کوئی غم کی آگ میں

اس کے سوا ہو گا بھی کیا انجام وفا کا۔ ہوتا۔۔
جا کر نہیں آتا جسے دیکھے وہ کیوں مڑ کے
ملتے نہیں ہمراہی دور اہے سے بچھڑ کے
معلوم ہے ہوتا ہے جو انجام وفا کا۔ ہوتا۔۔۔۔
قسمیں کہیں ہمتیں دھری رہ جاتے ہیں وعدے
یہ ریت کی دیوار ہے جو چاہے گرا دے
سو کام جفاؤں کے ہیں اک کام وفا کا۔ ہوتا۔۔۔۔

بند ۵

باقی دل میں تری یاد آنسو پونچھ لئے
رہے توٹ دہمارا ہے کیا جئیں نہ جئیں
تارا ٹوٹے دنیا دیکھے دیکھا نہ کسی نے دل ٹوٹ گیا
کتنے ہی تارے ٹوٹے ہو گا نہ کبھی اندھیارا
آسمان پر بہت ہیں تارے دل تھا ایک ہمارا
ٹوٹ نہ جائے کیوں دل اس کا ساتھی جس کا ٹوٹ گیا
دیکھا نہ کسی نے دل ٹوٹ گیا۔ تارا ٹوٹے
چاند کو اپنا داغ ہے پیارا بھی ہے کوئی کہانی
میں بھی چھپائے ہوں سینے میں تیری ایک نشانی
کیسے مناؤں آنسو اپنے بھاگ ہی مجھ سے روٹھ گیا
دیکھا نہ کسی نے دل ٹوٹ گیا

نمبر ۶

دل تجھے دیا تھا رکھنے کو۔ تو نے دل کو جلا کر رکھ دیا
قسمت نے دیکے پیار مجھے۔ میرا دل تڑپا کے رکھ دیا
بھونرے کے لبوں پر فریاد۔ کلیوں کے لبوں پر مسکان
بھونرے کا کلیجہ کلیوں میں۔ ہائے کس نے چھپا کے رکھ دیا
جس درد سے دنیا ڈرتی ہے۔ جس غم سے کنارا کرتی ہے
تیری نظر نے میرے سینے میں۔ وہ درد چھپا کر رکھ دیا
جب دل میں تمہیں بسایا تھا۔ آشا کا دیپ جلایا تھا
تقدیر کے ایک ہی جھونکے نے وہ دیپ بجھا کے رکھ دیا

نمبر ۷

کوئی تو سنے میرے غم کا فسانہ
کہیں مار ڈالے نہ ظالم زمانہ
کفن میں ہی بلبل تو جی بھر کے رو لے
چمن میں ترا جل گیا آشیانہ
کہیں مار ڈالے نہ ۔۔۔۔۔۔۔
قسم ہے تمہیں میری بربادیوں کی
مری موت پر بھی نہ آنسو بہانا
کہیں مار ڈالے نہ ظالم زمانہ
کوئی تو سنے میرے غم کا فسانہ

قلنا ۔

نمبر ۸۔ محبت کی قسمت بنانے سے پہلے

زمانے کے مالک تو رو دیا تو ہوگا

محبت پہ یہ ظلم ڈھانے سے پہلے

زمانے کے مالک تو رو دیا تو ہوگا

تجھے بھی کسی سے اگر پیار ہوتا

ہماری طرح تو بھی قسمت کو روتا

یہ اشکوں کے میلے لگانے سے پہلے

زمانے کے مالک تو رو دیا تو ہوگا

مرے حال پر یہ جو ہنستے ہیں تارے

یہ تارے ہیں تیری ہنسی کے اشارے

ہنسی میرے غم کی اڑانے سے پہلے

زمانے کے مالک تو رو دیا تو ہوگا

محبت کو تو نے دلوں میں بسایا

محبت سے غم کا یہ طوفاں اٹھایا

یہ طوفان دنیا میں لانے سے پہلے

زمانے کے مالک تو رو دیا تو ہوگا

زمانے کے مالک یہ تجھ سے گلہ ہے

خوشی ہم نے مانگی تو رونا ملا ہے

گلہ میرے لب پہ آنے سے پہلے ۔ زمانے کے مالک ...

ختم شد

ہارمونیم گائیڈ عرف ہارمونیم ٹیچر

اگر آپ کو ہارمونیم بجانے کا ذرا بھی شوق ہے تو آج ہی اس نادر کتاب کو منگا کر اپنے پاس رکھ لیجئے اور ایک بار شروع سے آخر تک اس کا مطالعہ کر لینے کے بعد ہر قسم کی راگ راگنیاں مثلاً غزل قوالی ٹھمری دادرا تھیٹریکل گانے اساوری منڈول ملہار گیت رسیا کہروا، پنجابی، گانے وغیرہ بغیر کسی استاد کے بجانا شروع کر دیجیے کیونکہ یہ نادر کتاب ایک کہنہ مشق اور جدید طریقے پر تیار کی ہے

ہمارا دعوےٰ ہے کہ آج تک اس قسم کی کتاب آپ کی نظروں سے نہ گذری ہو گی لطف یہ کہ گانے بالکل نئے اور چیدہ دیے گئے ہیں۔ قیمت مع محصول ایک روپیہ آٹھ آنے

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

(رائل پرنٹنگ پریس دہلی)